تعارف وتبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : الفرقان (پارہ عَمّ)

مؤلف : شیخ عمر فاروق

ضخامت : 632 صفحات ۔ 30x20/8۔ قیمت: الوقف للہ

ملنے کا پتہ: جامعہ تدبر القرآن' 15۔بی' وحدت کالونی لاہور۔فون:7585960

شیخ عمر فاروق عمر رسیدہ' ضعیف اور دبلے پتلے آدمی ہیں لیکن مضبوط ارادے' پختہ عزم اور جوان ہمت کے مالک ہیں۔ وہ سنجیدہ مزاج اور خوش خصال عالم دین ہیں۔ دین اسلام کی اشاعت اُن کا واحد مشغلہ ہے۔ عربی' فارسی' اردو اور انگریزی زبانیں جانتے ہیں۔ زندگی درس وتدریس میں گزاری ہے۔

شیخ صاحب کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ الفرقان (پارہ عَمّ) سے قبل الفرقان الجزء الاول کے نام سے سورۃ البقرۃ اور پھر احادیث نبویؐ کا انتخاب ''الحکمة'' کے نام سے شائع کر چکے ہیں۔ یہ دونوں ضخیم کتابیں بھی انہوں نے ہدیۃً تقسیم کی ہیں۔ اب الفرقان (پارہ عَمّ) زرِ کثیر خرچ کر کے شائع کی ہے۔

یہ منفرد قسم کی تفسیر ہے جو بہت سی قدیم وجدید' معروف ومشہور عربی اور اردو تفاسیر کا نچوڑ ہے۔ پہلے آیات کا بامحاورہ ترجمہ' پھر الفاظ کے معانی اور قواعد کی تشریح سے مطلب واضح کیا گیا ہے۔ پھر مختلف تفاسیر کے اقتباسات دے کر مفہوم بیان کیا گیا ہے۔ زیادہ تر مواد تفہیم القرآن از مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی' تدبر قرآن از مولانا امین احسن اصلاحی' فی ظلال القرآن از سید قطب شہید مصری اور تفسیر ماجدی از مولانا عبدالماجد دریابادی کے تفسیری نکات سے لیا گیا ہے۔ ہر سورت کے آغاز میں سورت کا تعارف اور مرکزی مضمون بیان کیا گیا ہے جس سے سورت کے مطالعہ سے قبل تفہیم کے لیے بنیادی باتوں کا علم ہو جاتا ہے اور تفہیم آسان ہو جاتی ہے۔ سورۃ کے تفسیری نکات بیان کرنے کے بعد آخر میں آیاتِ مبارکہ کی حکمت وبصیرت

کے عنوان کے تحت مختصر الفاظ میں سورت کے مضامین کا خلاصہ دیا گیا ہے۔
کتاب کے آغاز میں قرآن کریم کے متعلق اہم موضوعات پر چند مفید مضامین بھی ہیں۔اسی طرح ضمیمہ کے طور پر درجن بھر کارآمد اور معلوماتی تحریریں کتاب کے آخر پر موجود ہیں۔یوں الفرقان (پارہ عَمّ) کے مطالعہ سے ضخیم تفاسیر کا خلاصہ مل جاتا ہے۔
مصنف اپنا مقصود بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ''الفرقان کو چھاپ کر مادی نفع حاصل کرنے کا ادنیٰ سا خیال بھی ذہن میں نہیں ہے' بس فکر ہے تو یہی کہ اُمت مسلمہ قرآن جیسی گوہرِ نایاب کتاب کو مقصدِ حیات بنا کر اپنی عظمت رفتہ کو پھر سے پالے''۔ (ص ۱۳)
شیخ عمر فاروق یہ کتاب اُن لوگوں کو ہدیۃً دے رہے ہیں جو اس سے فائدہ اٹھانے کا عزم رکھتے ہوں' کسی جگہ درس قرآن دے رہے ہوں یا قرآن کو سمجھنے کا شوق رکھتے ہوں۔یہ بات یاد رہے کہ وہ یہ کتاب بذریعہ ڈاک نہیں بھیجتے بلکہ ضرورت مند اُن سے مل کر بالمشافہ حاصل کر سکتے ہیں۔کتاب کی تیاری میں عمدہ سفید کاغذ استعمال کیا گیا ہے اور کمپوزنگ نہایت خوبصورت ہے۔کتاب حقیقی خوبیوں کے ساتھ ساتھ حسن ظاہری سے بھی مالا مال ہے۔ٹائٹل دلکش اور جلد مضبوط ہے۔

(۲)

نام کتاب : قرآن مجید کا مختصر اشاریہ

مصنف : ڈاکٹر اطہر محمد اشرف

ضخامت : 236 صفحات ۔ قیمت:160 روپے

ملنے کا پتہ: مکتبہ ھدی للناس' B-268 ماریہ اپارٹمنٹ' بلاک 1' مین ناگن چورنگی' نارتھ کراچی

قرآن مجید اسلامی تعلیمات کا اوّلین سرچشمہ ہے۔ یہ تمام لوگوں کے لیے ہدایت ہے۔قرآن مجید صرف ثواب کی خاطر پڑھنے کی کتاب نہیں بلکہ یہ تو ضابطۂ حیات ہے۔اس کا موضوع انسان ہے۔یہ انسان کو اللہ کا بندہ بن کر زندگی گزارنے کا سلیقہ سکھاتا ہے۔اس کی تعلیمات پر عمل کرنے والا دنیا میں بھی پُرسکون زندگی گزارتا ہے اور آخرت میں بھی وہ ابدی اور لازوال نعمتیں پائے گا۔اس لیے لازمی ہے کہ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھا جائے۔اس ضمن میں بہت سے لوگوں نے کام کیا ہے۔مختلف زبانوں میں اس کے تراجم ہوئے اور تفسیریں لکھی